SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

August 17, 2019

## عامر خان چیئر مین ایس ای سی پی تعینات، نوٹیفیکیشن جاری

اسلام آباد ( 17 اگست) وفاقی حکومت کی جانب سے سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے نئے چیئر مین' عامر خان کی بطور چیئر مین ایس ای سی پی تعیناتی کا نوٹیفیکیشن ہفتہ (اگست 17 ) کو جاری کر دیا گیا۔ وفاقی کابینہ نے گزشتہ اجلاس میں عامر خان کو ایس ای سی پی کا نیا چیئر مین مقرر کرنے کی منظوری دی تھی۔ موجودہ حکومت کی جانب سے عامر خان کو نومبر 2018 میں ایس ای سی پی میں کمشنر تعینات کیا گیا تھا۔ چیئر مین تعیناتی کا نوٹیفیکیشن جاری ہونے کے بعد عامر خان نے اپنے نئے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔

چیئر مین تعیناتی سے پہلے عامر خان ایس ای سی پی میں کمپنی لاء ڈویژن (کارپوریٹ سپرویژن)، سپیشلائزڈ کمپنیز ڈویژن اور انفرمیشن سسٹم اینڈ ٹیکنالوجی کے امور کے نگران کمشنر کے طور پر فرائض انجام دے رہے تھے۔ عامر خان کارپوریٹ بینکنگ، مالیاتی مصنوعات، کیپیٹل مارکیٹ اور ریگولیٹری اصلاحات کے شعبے میں تیس سال سے زائد تجربہ رکھتے ہیں۔ کمشنر بننے سے پہلے، عامر خان ایس ای سی پی میں ہی 2012 سے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے عہدے پر فرائض انجام دیتے رہے ہیں۔ اس دوران وہ ایس ای سی پی کے اہم آپریشنل محکموں جیسے کہ سپیشلائزڈ کمپنیز ڈویژن، سکیورٹیز مارکیٹ سرویلئنس ڈیپارٹمنٹ، کماڈٹیز مارکیٹ ڈیپارٹمنٹ اور محکمہ بین الاقوامی تعلقات کے سربراہ رہے۔ عامر خان ایس ای سی پی کے چیف ترجمان کے فرائض بھی انجام دیتے رہے۔

ایس ای سی پی میں اپنی ملازمت کے دوران عامر خان نے پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج میں مرابحہ کو متعارف کروانے، جدید وئیر ہاوسز کی الیکٹرانک رسیدوں کے ذریعے اجناس کی ٹریڈنگ کے ریگولیٹری فریم ورک کی تشکیل، مائیکرو فنانس کمپنیوں کو ایس ای سی پی کے دائرہ کار میں شامل کرنے اور پاکستان میں کاروباری آسانیاں فراہم کرنے کے حوالے سے اصلاحات متعارف کروانے میں اہم کردار ادا کیا۔ بطور کمشنر انہوں نے، ایس ای سی پی کے ریگولیٹری امور کو ڈیجیٹلائز کرنے، کارپوریٹ قوانین کو سہل و آسان بنانے اور ریگولیٹری فیسوں میں کمی کے ذریعے کاروباری اخراجات کو کم کرنے سے متعلق اصلاحات کے لئے بھی کام کیا۔ عامر خان پاکستان میں شفافیت اور احتساب کو یقینی بنانے کے لئے اصلاحات اور کاروباری اور سرمایہ کاری کے ماحول کو فروغ دینے کا بھرپور عزم رکھتے ہیں۔

عامر خان سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک، رائل بینک آف کینیڈا اور امریکن ایکسپریس بینک میں کام کر چکے ہیں۔ عامر خان ایک شیونگ سکالر ہیں اور پاکستان سے ماسٹرز آف بزنس ایڈمینسٹریشن اور برطانیہ سے انٹرنیشنل بینکنگ میں ایم ایس ای کی ڈگری رکھتے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005